سوال

(301)اعادۂ روح کا ثبوت

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت سے اعادہ روح ثابت ہوتا ہے جبکہ دیگر احادیث مثلاً (نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بیٹے) ابراہیم کے لیے جنت میں دودھ پلانے والی موجود ہے اور عمرو بن لحی کو جہنم میں دیکھنا وغیرہ سے جنت یا دوزخ میں روح کی موجودگی بھی ثابت ہوتی ہے۔ دونوں قسم کی احادیث میں تطبیق دے دیں اور بتادیں کہ روح کا اصل مقام کہاں ہے۔ (وقار علی لاہور)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

حدیث براء اور دیگر احادیث میں کوئی تعارض نہیں ہے۔

اعادہ روح برزخی ہے۔ دیکھئے شرح عقیدہ طحاویہ (ص450)

اور عمرو بن لحی والا واقعہ بھی برزخی ہے۔ قبر کا تعلق جنت یا جہنم سے عالم برزخ میں قائم ہے۔ جسے ہم دنیا میں محسوس نہیں کر سکتے۔ (شہادت، فروری 2004ء)

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ علمیہ

جلد1۔کتاب الجنائز-صفحہ548

محدث فتویٰ